Roll No..........................

# BAUL-302

## Urdu Shayeri

## (اردو شاعری)

Bachelor of Arts (BA-12/16/BAS-12) URDU

Third Year, Examination, 2017

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 80**

نوٹ:۔ یہ پرچہ تین حصّوں ’الف‘، ’ب‘ اور ’ج‘ پر مشتمل ہے۔

تمام حصّوں کے سوالات کے جوابات متعلقہ ہدایت کے مطابق تحریر کیجیے۔

### (حصّہ الف)

مندرجۂ ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالات کے جوابات مفصل تحریر کیجیے۔ ہر سوال کے ۱۹ نمبر ہیں۔

۳۸=۱۹×۲

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق اس طرح کیجیے کہ اس کی فنّی خوبیاں بھی واضح ہوجائیں۔





دیکھ کر ہر در و دیوار کو حیراں ہونا!
وہ مرا پہلے پہل داخلِ زنداں ہونا!
حادثے دونوں یہ عالم میں اہم گزرے ہیں
مرا مرنا تری زلفوں کا پریشاں ہونا
کچھ پوچھو شب وعدہ مرے گھر کی رونق
اللہ اللہ وہ سامان سے ساماں ہونا
اللہ اللہ یہ سلیقہ ترا اے شعلۂ طور!
کس طرح تونے چھپایا ہے نمایاں ہونا

یا

جلا کے مشعلِ جاں ہم جنوں صفات چلے
جو گھر کو آگ لگائے ہمارے ساتھ چلے
ستون دار پہ رکھتے چلو سروں کے چراغ
جہاں تلک کے ستم کی سیاہ رات چلے
دیار شام نہیں، منزل سحر بھی نہیں
عجب نگر ہے یہاں دن چلے نہ رات چلے
پھر آئی فصل کے مانند برگ آوارہ
ہمارے نام گلوں کے مراسلات چلے

۲۔ عزیزؔ لکھنوی کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجئے۔

۳۔ بحیثیت نظم نگاری حالؔی کی شاعری پر تبصرہ کیجئے۔

۴۔ وؔلی اورنگ آبادی کی پہلی غزل لکھ کر اس کی تشریح کیجئے۔ (شامل نصاب)

(حصّہ ب)

درج ذیل سوالات میں سے کسی چار سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے ۸ نمبر ہیں۔ ۴×۸=۳۲

۱۔ کن خصوصیات کی بناء پر میرؔ کو اردو کا سب سے بڑا شاعر قرار دیا جاتا ہے؟ مدلّل تحریر کیجئے۔

۲۔ اپنا ہی ہاتھ سر پر رہا اپنے یاں سدا
مشفق کوئی نہیں ہے کوئی مہرباں نہیں

مندرجہ بالا شعر کے شاعر کا نام بتاتے ہوئے اس کی تشریح کیجئے۔





۳۔ خواجہ میر دردؔ کی صوفیانہ شاعری پر روشنی ڈالئے۔

۴۔ اپنے نصاب میں شامل کسی ترقی پسند شاعر کی شاعرانہ عظمت سے متعارف کرائیے۔

۵۔ ''میرؔ کی ساری زندگی حسرتوں کی ایک طویل داستان ہے''۔ مدلّل بحث کیجئے۔

۶۔ ''گل کدہ'' کی خوبیوں سے بحث کیجئے اور اس کی خصوصیات بھی بتائیے۔

۷۔ نظم ''سید کی لوحِ تربیت'' کا خلاصہ لکھئے۔

۸۔ نظیرؔ اکبرآبادی کی نظم نگاری پر ایک نوٹ تحریر کیجئے۔

(حصّہ ج)

درج ذیل سبھی دس (۱۰) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ہر سوال ۱ نمبر کا ہے۔ ۱×۱۰=۱۰

نیچے دیے گئے معروضی سوالات کے صحیح جوابات اپنی کاپی میں تحریر کیجئے۔

۱۔ ''تذکرۂ میر'' کس زبان میں لکھی گئی؟

(الف) اردو

(ب) عربی

(ج) فارسی

(د) سندھی

۲۔ موسیقی سے کس کو خاص لگاؤ تھا؟

(الف) ولی دکنی

(ب) سراج اورنگ آبادی

(ج) میر

(د) درد

۳۔ کس کی شاعری کو ''دل اور دلّی'' کی شاعری کہا گیا؟

(الف) میر

(ب) درد

(ج) مومن

(د) غالب





۴۔ جگر کا انتقال کہاں ہوا؟

(الف) بنارس

(ب) لکھنؤ

(ج) گونڈہ

(د) علی گڑھ

۵۔ کس صنف شاعری کو اردو شاعری کی آبرو کہا گیا ہے؟

(الف) مثنوی

(ب) غزل

(ج) قصیدہ

(د) مرثیہ

۶۔ ''گل کدہ'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(الف) جگر مرادآبادی

(ب) مجروح سلطان پوری

(ج) اصغر گونڈوی

(د) عزیز لکھنوی

۷۔ اقبال کے والد کا نام تھا؟

(الف) شیخ محمد رفیق

(ب) شیخ عطا محمد

(ج) شیخ نور محمد

(د) ان میں سے کوئی نہیں

۸۔ ''یادگار غالب'' کا سنہ اشاعت ہے؟

(الف) ۱۸۸۶ء

(ب) ۱۸۹۷ء

(ج) ۱۸۹۹ء

(د) ۱۹۰۱ء

۹۔ ''مقدمہ شعر و شاعری'' کس کی تصنیف ہے؟

(الف) حالی

(ب) محمد حسین آزاد

(ج) شبلی نعمانی

(د) نذیر احمد





۱۰۔ نظیر اکبر آبادی کو کس صنفِ سخن کی بنیاد پر عوامی شاعر کہا جاتا ہے؟

(الف) قصیدہ نگار

(ب) مرثیہ نگاری

(ج) غزل گوئی

(د) نظم نگاری